

## بچہ یسوع کی مقدسہ ٹریضہ کنواری پاکستان کی مربیہ

رنگ سفید

ایوب 19:21۔27

زبور 26

لوقا 10:1۔12

### مرکزی آیت: ''اس گھر پر سلامتی ہو۔'' لوقا 5:10

ہم اکتوبر کے اس مہینے کا آغاز کرتے ہیں جو کلیسیا کی مشنری سرگرمیوں کے واسطے دعا کے لئے مخصوص ہے۔ اور اسی موقع پر ہم ''بچہ یسوع کی ٹریضہ'' کو یاد کرتے ہیں۔ اس کی خواہش بے حد وسیع تھی کہ وہ ساری دنیا کو یسوع کی طرف لے آئے، تا کہ پوری دنیا کو سلامتی حاصل ہو۔ کیونکہ سلامتی وہ کامل زندگی ہے جو صرف خدا باپ ہی عطا کر سکتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

2۔اکتوبر | سال دوئم عام ایام | جمعہ



## نگہبان فرشتے کی عید

رنگ سفید

خروج 23:20۔23

زبور 90

متی 18:1۔5،10

**مرکزی آیت: ''جب تک تم توبہ نہ کرو۔'' متی 18:3**

میرا محافظ فرشتہ ہر روز یہ خواہش رکھتا ہے کہ میں توبہ کروں۔ مجھے ہر روز یسوع کے ساتھ نئے سرے سے وابستہ ہونے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیونکہ یہی خدا کے ان پیغام رساں فرشتوں کی خوشی ہے۔ جو مجھے اس کا کلام پہنچاتے ہیں۔ جو کوئی ایک بچے کی مانند اس کلام کو قبول کرتا ہے وہ ایسی مسرت دیتا ہے جو آسمانی باپ کو مسرور کرتی ہے۔

| 3۔اکتوبر | سال دوئم عام ایام | ہفتہ |
|---|---|---|

ایوب42:1۔3،5۔6،12۔17 زبور118

رنگ سبز

لوقا10:17۔24

**مرکزی آیت:''یسوع روح القدس میں مسرور ہوا۔''لوقا10:21**

یسوع اپنے شاگردوں کی فرمانبردای کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ یہ ایسی فرمانبرداری ہے جو پوری دنیا کے لئے پھل دیتی ہے۔ سب سے بڑھ کر یسوع اس محبت کو دیکھتا ہے جس سے باپ انہیں ڈھانپتا اور بھر دیتا ہے۔ لہذا وہ بھی خدا کی محبت کا ظہور اور اس کا جلال بن جاتے ہیں۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

| 4۔اکتوبر | سالِ اوّل عام ایام کا ستائیسواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|



## مقدس فرانسس آف اسیسی

**رنگ سبز**

**اشعیاء 5:1۔7** — **زبور 79**

**فلپیوں 4:6۔9** — **متی 21:33۔43**

**مرکزی آیت: ''جو پتھر رد کیا گیا وہی کونے کا سرا ہو گیا۔'' متی 21:42**

یسوع عہدِ عتیق کے مقدس صحیفوں میں موجود ہے، وہ ان میں ڈوبا ہوا ہے۔ اسے معلوم ہے کہ یہ کتابیں اسی کے بارے میں بات کرتی ہیں۔ اس کی خوشیاں اور دکھ وہاں بیان کئے گئے ہیں۔ انسان اس کے ساتھ جو چاہیں، کر سکتے ہیں۔ لیکن خدا اپنا منصوبہ پورا کرتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ اپنے منصوبے کو انسانی گناہوں کو استعمال کر کے بھی مکمل کرتا ہے۔ مقدس فرانسس کی زندگی بھی اسی نوشتے کو دہراتی ہے۔

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

غلاطیوں 1:6۔12 زبور 110

رنگ سبز

لوقا 25:10۔37

## مرکزی آیت: ''جا کر تم بھی ویسا ہی کرو۔'' لوقا 37:10

تم کیا کرو گے؟ وہی جو تمثیل میں سامری کرتا ہے۔ یسوع ان لوگوں کی طرف متوجہ ہوتا ہے جو دکھ میں ہیں، تا کہ سچے پیار کے ساتھ ان کی مدد اور تیمارداری کرے۔ لوگوں کے مذہبی خیالات نامکمل یا غلط ہو سکتے ہیں، لیکن خدا دل کو دیکھتا ہے، جو اس کے اپنے دل سے مشابہ ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



مقدس برونو، راہب

رنگ سبز یا سفید

غلاطیوں 1:13۔24

زبور 138

لوقا 10:38۔42

مرکزی آیت: ”مریم اس کے کلام کو سنتی رہی۔“ لوقا 10:39

مریم کی بہن بہن مارتھا نے اپنے دل اور عمل کے ساتھ یسوع سے محبت کی۔ لیکن مریم نے سب سے پہلے یسوع کی محبت کو قبول کیا۔ یہ محبت اس کی زندگی میں بھر گئی اور اسے بدل دیا۔ مارتھا کو مریم سے سیکھنا تھا کہ یسوع کو کس طرح خوش کیا جائے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................



## خاتونِ روزری، مقدسہ مریم کا یادگار دن

**رنگ سفید**

غلاطیوں 2:1۔2،7۔14 زبور 116 یا لوقا 11:1۔4

اعمال 1:12۔14 زبور: لوقا 1:46۔55 لوقا 1:26۔38

**مرکزی آیت: ''خدا کے لئے کچھ بھی ناممکن نہیں۔'' لوقا 1:37**

خاتونِ روزری، مقدسہ مریم کے یادگار دن پر ہم مریم کو دیکھتے ہیں جب وہ فرشتے کی بات کو سنتی ہے، جو اسکے گھر میں آ کر اسے حیران کر دیتا ہے۔ اور اسے یہ کلمات کہتا ہے: ''خدا کے لئے کچھ بھی ناممکن نہیں۔'' کیونکہ مریم جاننا چاہتی ہے کہ جو کچھ اس سے کہا گیا ہے۔ وہ کیسے ممکن ہوگا۔ لیکن جب بات اس خدا کی ہوتی ہے، جس نے اپنی قوم کے لئے بڑے بڑے معجزے کیئے، تو ہر شک دور ہو جاتا ہے۔ اگر یہ کلمات خدا کی طرف سے ہیں، تو پھر کون شک کر سکتا ہے؟

غلاطیوں 3:1۔5 لوقا 1:69۔75

رنگ سبز

لوقا 11:5۔13

**مرکزی آیت: ''مانگو تو تمہیں دیا جائے گا۔'' لوقا 11:9**

دراصل یسوع دعا کرنا سکھا رہا ہے۔ وہ یہ نہیں سکھا رہا کہ دعائیں کیسے کرنی ہیں، یعنی بھروسہ کے ساتھ۔ کیونکہ جو دعا کرتا ہے اس کے دل میں بھروسہ ہونا چاہیئے۔ ایک ایسا اٹل بھروسہ جو اس وقت بھی ڈانواڈول نہ ہو جب دعا کا جواب نہ ملے۔ جو دعا کرتے ہیں، وہ جانتے ہیں کہ وہ باپ کی حضوری میں ہیں، وہ اس کے ساتھ ہونے کا لطف اٹھاتے ہیں۔ چاہے یہ عمل بے فائدہ ہی کیوں نہ لگے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

غلاطیوں 3:7۔14

زبور 110

رنگ سبز

لوقا 11:15۔26

**مرکزی آیت:"راستباز اپنے ایمان سے جیتا رہے گا۔"غلاطیوں 3:11**

راستباز ،یعنی وہ جو خدا کی فرمانبرداری کرتا ہے،اپنی زندگی اور سانس اپنے ایمان سے پاتا ہے۔درحقیقت ایمان کا مطلب ہے باپ کے ساتھ تعلق میں ہونا،اور جو اس کے ساتھ ہوتا ہے،وہ اس کی وفادار اور رحم دل محبت کی لپیٹ میں آجاتا ہے۔یعنی اسے الٰہی اور ابدی زندگی ملتی ہے۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................


........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................



## مقدس ڈانیل کومبونی، اسقف

رنگ سبز یا سفید

غلاطیوں 3:22۔29

زبور 104

لوقا 11:27۔28

### مرکزی آیت: ''مبارک ہیں وہ جو خدا کا کلام سنتے ہیں۔'' لوقا 11:28

یسوع ایک عورت کو جواب دیتا ہے جو بلند آواز سے یسوع کی ماں کی تعریف کرتی ہے کیونکہ وہ اس کی ماں ہے۔ یسوع اس عورت کی اصلاح کرتا ہے۔ مریم، یسوع کی ماں، واقعی مبارک ہے، لیکن اس لئے کہ اس نے خدا کا کلام سنا اور اس پر عمل کیا۔ یہ کام ہر کوئی کر سکتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ عورت بھی جس نے بلند آواز سے ماں مریم کی تعریف کی تھی۔

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................



## مقدس جان تیئسواں، پاپائے اعظم

رنگ سبز

اشعیا 25:6۔10

زبور 22

فیلپیوں 4:12۔14، 19۔20

متی 22:1۔14

**مرکزی آیت: ''بادشاہ نے دیکھا کہ ایک شخص شادی کا لباس پہنے بغیر آیا ہے۔'' متی 22:11**

شادی کی ضیافت میں سب کو بلایا گیا تھا۔ نیک اور بد دونوں کو دعوت دی گئی تھی۔ اس امر میں کوئی برائی نہیں کہ بادشاہ کی توجہ اس شخص کی طرف جاتی ہے جو سمجھتا ہے کہ اسے ضیافت میں بیٹھنے کا حق حاصل ہے۔ اس شخص نے شادی کا پیش کردہ لباس قبول نہیں کیا، اور فخر سے کہا: ''مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں۔'' اس کے روحانی سامان میں عاجزی کا عنصر شامل نہیں تھا۔ اسی لئے اسے باہر پھینک دیا جائے گا۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

غلاطیوں 4:22۔24، 26۔27، 31؛ 5:1 زبور 112

رنگ سبز

لوقا 11:29۔32

**مرکزی آیت: ”دیکھو، یہاں وہ ہے جو یونس سے بڑھ کر ہے۔“ لوقا 11:32**

یسوع حیران ہے کہ وہ اس پر ایمان نہیں لاتے۔ایک گمراہ قوم نے ایک ایسے کم اعتقاد اور شک وشبہ میں مبتلا نبی یونس پر یقین کر لیا تھا۔ جو خدا کے کلام کو سنا تا اور اسے بار بار دہراتا تھا،مگر خدا کی رحمت کا بیان نہیں کرتا تھا۔ جبکہ یسوع رحمت کے لباس میں ملبوس ہے،مگر وہ اس کی بات نہیں سنتے۔ ان پر افسوس کہ وہ آسمانی بادشاہت کا حصہ نہیں بنیں گے۔ کیونکہ وہ یسوع پر ایمان نہیں لاتے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

غلاطیوں 5:1۔6 | زبور 118

رنگ سبز

لوقا 11:37۔41

**مرکزی آیت: ''ایمان محبت کے وسیلے سے عمل کرتا ہے۔'' غلاطیوں 5:6**

مقدس پولوس کہتا ہے کہ یہی چیز اہم ہے۔ خدا کو خوش کرنے والی بات یا ظاہری مذہبی رسومات پر عمل کرنا نہیں۔ بلکہ جو چیز مومن کے دل سے وقوع پذیر ہوتی ہے۔ وہی خدا کو خوش کرتی ہے۔ یعنی جب کسی کا ایمان عملی شکل میں ظاہر ہوتا ہے، تو وہ محبت اور حقیقی خدمت کے عملی پھل لاتا ہے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

| بدھ | سال دوئم عام ایام | 14۔اکتوبر |
| --- | --- | --- |



## مقدس کلسطس اول پاپائے اعظم

رنگ سرخ/سبز

غلاطیوں 5:18۔25

زبور 1

لوقا 11:42۔46

**مرکزی آیت: ”۔۔۔لیکن تم انصاف اور خدا کی محبت سے کنارہ کرتے ہو۔“ لوقا 11:42**

یسوع فریسیوں سے بات کر رہا ہے، جو بہت سی چھوٹی چھوٹی روایات کی پابندی کرتے ہیں۔ جو کم خرچ ہیں اور ان کی زندگیوں پر کم اثر ڈالتی ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ٹھیک ہیں، حالانکہ وہ رحم اور معافی دکھانا بھول جاتے ہیں۔ کیونکہ جو محبت کرنا بھول جاتے ہیں۔ وہ خدا باپ کے حضور صحیح نہیں ہو سکتے۔



**ٹریضہ آف آویلا کنواری، معلّمہ کلیسیاء** | **رنگ سفید**

**افسیوں 1:1۔10**

**زبور 97**

**لوقا 11:47۔54**

**مرکزی آیت: ''اس نے ہمیں چنا کہ پاک ہوں۔'' افسیوں 1:4**

خدا باپ چاہتا تھا کہ ہمیں یسوع کی زندگی میں غوطہ زن کر کے دائمی غسل دے۔ اس نے ہمیں چنا اور ہمارا یہ مقدر بنایا کہ ہم اس کی پاکیزگی یعنی اس کی ایسی محبت میں زندگی گزاریں جو کسی سے امتیاز نہیں برتتی۔ یہ وہ محبت ہے جو زندگی، سلامتی اور خوشی دیتی ہے۔ حتیٰ کہ ان لوگوں کو بھی جو اسے یعنی خدا کو نہیں جانتے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



**مارگریٹ میری الاکوک کنواری،مقدسہ ہیڈ ویڈ،راہبہ** | **رنگ سفید یا سبز**

افسیوں1:11۔14 زبور32

لوقا12:1۔7

**مرکزی آیت:''تم بہت ساری چڑیوں سے زیادہ قدر رکھتے ہو۔'' لوقا12:7**

اے یسوع! آپ کی نصیحت کا شکریہ کہ آپ ہمیں سکھاتے ہیں کہ ہم جھوٹے یا خود غرض رویے اپنانے کی بجائے باپ پر بھروسہ کریں اور تیرے کلام سے وفادار رہیں۔ اس حقیقت کے لئے یہی سب سے بڑی شکرگزاری ہے کہ تو ہمیں اپنی نظروں میں قیمتی سمجھتا ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................


..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| 17۔اکتوبر | سال دوئم عام ایام | ہفتہ |
|---|---|---|



## مقدس آگنیشیس آف انطاکیہ، اسقف، شہید

رنگ سرخ

افسیوں 1:15۔23

زبور 8

لوقا 8:12۔12

**مرکزی آیت: ''خداوند تمہیں حکمت کی روح عطا کرے۔'' افسیوں 1:17**

اے یسوع! تیرے بارے میں گہرے علم کے لئے ہمیں حکمت کی روح درکار ہے۔ اے یسوع تو ہی وہ حقیقی نور ہے جس کی روشنی میں ہم اپنی ابتدائی زندگی کے مقصد، اوراس مقصد کو ضائع نہ کرنے کا راستہ پاتے ہیں۔ تیرا کلام ہمارے قدموں کے لئے روشنی ہے۔ میں تجھ سے حکمت مانگتا ہوں تاکہ تجھے جانوں اور میری وجہ سے دوسرے بھی تجھے جان سکیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

| 18۔اکتوبر | سالِ اوّل عام ایام کا اٹھتیسواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|

## مقدس لوقا رسول کی عید

رنگ سبز




اشعیا 45:1،4۔6

زبور 95

1۔طیطس 1:1۔5

متی 22:15۔21

**مرکزی آیت: ''استاد، ہم جانتے ہیں کہ تو سچا ہے۔'' متی 22:16**

اے یسوع، یہودیوں نے تجھے جھوٹا کہا۔ لیکن میں تجھ پر یقین رکھتا ہوں۔ اسی لئے آج میں تیرے بھائیوں کے ساتھ چرچ میں جمع ہوں۔ تا کہ تیری بات سنوں اور تجھ سے روحانی خوراک حاصل کروں۔ تو مجھے روشنی دے گا تا کہ میں باپ کو وہ سارا بھروسہ اور فرمانبرداری دے سکوں جس کا وہ حقدار ہے۔ اور یوں، دوسروں کو محبت اور احترام دے سکوں، جو خدا مجھ سے چاہتا ہے۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

مقدس جان دی بریبوف اور اسحاق جوگ، کاہن اور ساتھی شہید صلیب کا خادم مقدس پولوس کاہن

افسیوں 2:1۔10

زبور 99

رنگ سرخ

لوقا 12:13۔21

مرکزی آیت: ''ہر طرح کے لالچ سے بچو۔'' لوقا 12:15

وراثت کا معاملہ خاندانوں میں اکثر جھگڑوں اور شدید اختلافات کی وجہ بنتا ہے۔ یسوع ہمیں نصیحت کرتا ہے کہ ہم مادی چیزوں یا پیسے سے منسلک نہ ہوں۔ کیونکہ یہ چیزیں ہمیشہ رہنے والی نہیں۔ ہمیں ان کو ہمیشہ کے لئے پیچھے چھوڑنا پڑے گا۔ لہذا ہم خدا باپ کے جلال کے لئے بھائی چارے کی محبت کو عزیز رکھیں گے۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

افسیوں 2:12۔22 زبور 84

رنگ سبز

لوقا 12:35۔38

**مرکزی آیت: ''تیار رہو اور اپنی کمر باندھے رکھو۔''لوقا 12:35**

کپڑے پہننا ضروری ہیں۔لیکن اگر انہیں خراب طریقے سے پہنا جائے تو وہ رکاوٹ بن سکتے ہیں۔ ہماری بہت ساری روزمرہ کی سرگرمیاں بھی ضروری ہیں۔لیکن اگر وہ صحیح سمت میں نہ ہوں تو رکاوٹ کا باعث بنتی ہیں۔وہ خادم جو واقعی جاگتے اور کام کر رہے ہوتے ہیں، وہی مالک کو خوش کرتے ہیں۔ان خادموں کا مقصد مالک کا خندہ پیشانی سے استقبال کرتے ہوئے اس کے لئے راستہ کھولنا ہوتا ہے۔نہ کہ اپنی دوڑ دھوپ میں مصروف رہ کر مالک کو بھول جانا۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

افسیوں2:3۔12 | زبور:اشعیا12:2۔6 | رنگ سبز

لوقا12:39۔48

**مرکزی آیت:''جسے بہت دیا گیا،اس سے بہت مانگا جائے گا۔''لوقا12:48**

ہمیں کلیسیا میں ان لوگوں سے حسد نہیں کرنا چاہیئے ،جنہیں وہ کام سونپے گئے ہیں جو زیادہ اہم لگتے ہیں۔ بلکہ ہمیں ایک دوسرے کے لئے دعا کرنی چاہیئے کہ ہم سب خداوند کی خدمت شائستہ طریقے سے کریں۔تاکہ اس کی بادشاہی میں شریک ہوں اور ہر روز زمین پراَور پھر ہمیشہ کے لئے آسمان پراُس کا استقبال کرسکیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................


..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| 22۔اکتوبر | سال دوئم عام ایام | جمعرات |
|---|---|---|



## مقدس جان پال دوئم پاپائے اعظم

رنگ سبز یا سفید

افسیوں 3:14۔21

زبور 32

لوقا 12:49۔53

**مرکزی آیت: ''میں زمین پر آگ بھڑکانے آیا ہوں۔'' لوقا 12:49**

اے یسوع زمین پر آنے کے لئے تیرا شکریہ! کیونکہ تو اپنی زندگی، موت اور قیامت کے ذریعے خدا باپ کی تمام محبت لے کر آیا۔ شکریہ، کہ تو اس محبت کو ان لوگوں کے ذریعے جاری رکھے ہوئے ہے جو تجھ سے محبت کرتے ہیں اور تیرے روح کی مدد سے ہر قسم کے دکھ اور مصیبت میں مضبوط ہیں۔ اے یسوع! میں بھی ان لوگوں کا شریک کار بننے کی خواہش رکھتا ہوں۔



**مقدس جان کاپسترانو، کاہن**

**رنگ سبز یا سفید**

**افسیوں 4:1۔6**

**زبور 23**

**لوقا 12:54۔59**

**مرکزی آیت: ''ایک ہی خدا ہے، جو سب سے بالا ہے۔'' افسیوں 4:6**

مقدس پولوس مسیحیوں کو نصیحت کرتے ہیں کہ وہ خدا کے بچوں کی طرح زندگی گزاریں۔اسی لئے ہم ایک دوسرے کے بھائی ہوتے ہوئے یسوع کی مانند عاجز،نرم دل اور محبت سے بھرپور ہیں۔ہم روح القدس کے تابع رہیں گے، جو ہمارے اندر موجود ہے اور ہمیں خدا کے جلال کے ساتھ متحد رکھتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



مقدس انتھنی میری کلارٹ، اسقف

رنگ سبز یا سفید

افسیوں 4:7۔16

زبور 121

لوقا 13:1۔9

**مرکزی آیت: ''دیکھیں گے کہ آیا یہ مستقبل میں پھل لاتا ہے یا نہیں۔'' لوقا 13:9**

خدا باپ ہر ایک کے ساتھ بہت صابر اور مہربان ہے۔ وہ ہماری توبہ کا انتظار کرتا ہے۔ وہ اپنے صبر کا دائرہ بڑھاتا ہے اور مجھے اپنا بیٹا اور کلیسیا دیتا ہے، جو مجھے دل کھول کر سخاوت اور شراکت کے عملی کام کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ تاکہ میری زندگی پھل دے۔ میں خداوند کو مایوس نہیں کرنا چاہتا۔ اے یسوع مجھ پر رحم کر!

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

خروج 22:20۔26 | زبور 17

1۔طیطس 1:5۔10 | متی 22:34۔40

رنگ سبز

**مرکزی آیت: ''ساری توریت اور صحائف انبیاء ان ہی دو حکموں پر موقوف ہے۔'' متی 22:40**

ہم اپنے خداوند خدا سے اپنے سارے دل، اپنی ساری جان اور اپنی ساری عقل سے محبت کریں، اور اپنے پڑوسی سے اپنے جیسا پیار کریں۔ جو کچھ بھی باپ نے ہمیں کتاب مقدس میں کہنا چاہا، یسوع نے وہی کہا۔ تاکہ ہم محبت میں اس کی مانند بننے کی کوشش کریں۔ یسوع ہمیں واضح طور پر جواب دیتا ہے۔ کیونکہ وہ باپ کی محبت کا مظہر ہے۔ جو زندہ، سچا اور رحم کرنے والا خدا ہے۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

افسیوں 8:5؛32:4 | زبور 1

رنگ سبز

لوقا 13:10۔17

**مرکزی آیت: ''اس نے اس پر ہاتھ رکھا اور وہ سیدھی ہوگئی۔'' لوقا 13:13**

اے یسوع، تیرا ہاتھ قوی ہاتھ ہے، جو ہم سب کو ''سیدھا'' کرتا ہے۔ ہمارے سروں کو بلند کرتا ہے تاکہ ہماری آنکھیں رونے دھونے کی بجائے اس باپ پر جمی رہیں جو آج بھی ہم سے محبت کرتا ہے۔

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

افسیوں5:21۔33 زبور 127

رنگ سبز

لوقا13:18۔21

**مرکزی آیت: ''ہم اس کے بدن کے اعضاء ہیں۔'' افسیوں5:30**

اس لئے نہ تو ہم اس دکھ پر حیران ہوں گے اور نہ ہی اس خوشی پر جس کا تجربہ ہم ایمان کی وجہ سے کرتے ہیں۔ درحقیقت بپتسمہ کے ذریعے ہم اس کلیسیاء کا حصہ بن چکے ہیں، جو یسوع مسیح کی سچی دلہن ہے؛ جو اس کی موت اور قیامت میں برابر کی شریک ہے تا کہ دنیا کو زندگی دے سکے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## شمعون اور یہودہ رسول کی عید

رنگ سرخ

افسیوں 2:19۔22

زبور 18

لوقا 6:12۔19

**مرکزی آیت: ''اس نے ان میں سے بارہ کو چنا۔'' لوقا 6:13**

یسوع مسیح رات کی دُعا کے بعد خدا کی مرضی سے اپنے لئے بارہ شاگرد چُنتا ہے۔ ان بارہ میں شمعون اور یہودہ بھی شامل ہیں۔ رسولوں کی یاد کا جشن منانا کیا معنی رکھتا ہے؟ اس کا مطلب ہے ان کی آواز پر سرِتسلیم خم کرنا؛ یسوع کی محبت میں ان کی قربانیاں یاد رکھنا، انکی تعلیمات کو اس خوشی اور شکرگزاری کے ساتھ قبول کرنا اور ان کے مطابق زندگی گزارنا تاکہ ہم بھی یسوع کی مانند ہوں۔ ہم ان سے اسی طرح مدد بھی مانگیں گے، جیسے بڑے بھائیوں سے مانگی جاتی ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

افسیوں 6:10۔20 زبور 143

رنگ سبز

لوقا 13:31۔35

**مرکزی آیت: ”میں نے کتنی بار چاہا کہ تیرے بچوں کو جمع کروں۔“ لوقا 13:34**

جیسے مرغی اپنے بچوں کی حفاظت بڑی محبت سے کرتی ہے۔ ویسے ہی یسوع مسیح اپنی محبت میں ہماری حفاظت کرتا ہے۔ حالانکہ وہ ہمیں سخت دل پاتا ہے۔تو وہ اپنے آپ کو مرغی سے تشبیہہ دینے میں حقارت محسوس نہیں کرتا۔ہم نے مرغی کو کئی بار دیکھا کہ وہ اپنے چوزوں کو اپنے پروں کے نیچے جمع کرتی ہے۔تاکہ انہیں شکاری پرندوں سے بچا سکے،انہیں گرم رکھے اور انہیں ایک ساتھ رکھے۔اے یسوع! مجھے میرے تمام بھائیوں کے ساتھ اپنے پروں کے نیچے جمع کر۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

فیلپیوں 1:1۔11

زبور 110

رنگ سبز

لوقا 14:1۔6

**مرکزی آیت: ''کیا سبت کے دن شفا دینا جائز ہے۔'' لوقا 14:3**

اے یسوع! میری مدد کرتا کہ میں ہر مذہبی رسم ورواج کو روح القدس کی رہنمائی میں ادا کروں۔ تب میں ہر صورت حال میں سب کے لئے تیری محبت میں زندگی گزار سکوں گا۔ جیسا کہ تو نے آسمانی باپ کے جلال کے واسطے کیا۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

فیلپیوں 1:18۔26 زبور 41

رنگ سبز

لوقا 14:1، 7۔11

**مرکزی آیت: ''جو اپنے آپ کو فروتن کرے گا، وہ سرفراز کیا جائے گا۔'' لوقا 14:11**

ہم بھی ان عاجز لوگوں کی مانند بنیں جو اپنے چھوٹے پن اور دوسروں کی خوبیوں کو پہچانتے ہیں۔ ہماری حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ دوسروں کی بھی ہمت بندھائیں۔ اور جب ہمیں کچھ چاہیئے تو ان کی طرف رجوع کریں۔ یہی کام خداوند ہمارے ساتھ بھی کرتا ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................